## Exercise / پرسش

۱۔ غزل سے قافیے تلاش کر کے لکھیے۔

Write Qafiyas from the ghazal.

۲۔ غزل سے مطلع اور مقطع کا شعر لکھیے۔

Find opening and closing couplets (Matla and Maqta) from the ghazal.

۳۔ مناسب جوڑیاں لگائیے۔

Match the following.

| الف | ب |
|---|---|
| باده | ساقی |
| چشم | جام |
| لب | نيك و بَد |
| مجلسِ | جانان |

۴۔ مندرجہ ذیل اشعار کی اُردو یا انگریزی میں تشریح کیجیے۔

Explain the following couplets in Urdu or English.

لبِ میگونِ جانان جام در داد — شرابِ عاشقانش نام کردند

به عالم هر کُجا درد و غمی بود — بهم کردند و عشقش نام کردند

۵۔ غزل سے صنعتِ استعارہ کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔

Find the couplet from the ghazal having صنعتِ استعاره .

# ۱۱- غزل

**تعارفِ شاعر:** امیر خسرؔو کا اصل نام امیر نجم الدین تھا۔ وہ اُتر پردیش کے قصبے پٹیالی (ضلع ایٹا) میں ۱۲۵۳ء میں پیدا ہوئے۔ وہ پہلے سلطانؔی تخلص کرتے تھے، بعد میں خسرؔو تخلص اختیار کیا۔ انھوں نے پندرہ سال کی عمر میں تمام علوم وفنونِ درسیہ سے فارغ ہو کر شعر کہنا شروع کیا۔ وہ نظم کی تمام اقسام پر قدرت رکھتے تھے۔ انھوں نے تین لاکھ سے زائد اشعار کہے۔ خسرؔو نے سات بادشاہوں کا زمانہ دیکھا اور ان کی شان میں قصیدے کہے۔ خسرؔو کی شہرت ان کی پانچ مثنویوں کی وجہ سے ہوئی۔ ان کی غزلوں میں تصوّف کا رنگ جھلکتا ہے۔ ان کے کلام میں درد، سوز و گداز، جوش اور روانی پائی جاتی ہے۔ انھیں 'طوطیِ ہند' کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ ہندوستانی موسیقی کی ترقی میں ان کا گراں قدر حصہ رہا ہے۔ وہ نظام الدین اولیاؒ کے چہیتے مرید اور خلیفہ تھے۔ ان کا انتقال ۱۳۲۵ء میں ہوا اور انھیں نظام الدین اولیاؒ کے پائینتی دفن کیا گیا۔

ای چهرۂ زیبای تو رشکِ بُتانِ آزری
هر چند وصفت می کنم در حسن از آن زیباتری

هرگز نیاید در نظر نقشی ز رویَت خُوب تر
شمسی ندانم یا قمر، حوری ندانَم یا پَری

آفاقها گردیده ام، مهرِ بتان ورزیده ام
بسیار خوبان دیده ام، لیکن تو چیزی دیگری

من تو شُدم، تو من شُدی، من جان شدم، تو تن شدی
تا کس نگوید بعد ازین، من دیگرم، تو دیگری

خسرؔو غریب است و گدا، اُفتاده در شهرِ شما
باشد که از بهرِ خدا، سوی غریبان بِنگری

(امیر خسرؔو)

## فرہنگ (Glossary)

| | | |
|---|---|---|
| چهرۂ زیبا | خوب صورت چہرہ | Beautiful face |
| رشك | حسد | Envy |
| بتانِ آزری | آزر کے بنائے ہوئے بت | Idols made by Azer |
| رو | چہرہ | Face |

| | | |
|---|---|---|
| آفاق | اُفق کی جمع | Horizons |
| ورزیدن | اختیار کرنا، تجربہ کرنا | To experience |
| بسیار | بہت | Plenty |
| خوبان | حسین، خوب صورت (معشوق) | Beauties (beloved) |
| اُفتادن | گرنا | To fall down |
| سوی غریبان | غریبوں کی جانب | Towards poor/humble |

## Exercise / پرسش

۱۔ درج ذیل الفاظ کے ہم معنی لفظ لکھیے۔ **Write synonyms of the following words.**

چهره ، زیبا ، حسین ، گدا

۲۔ غزل سے قافیے تلاش کر کے لکھیے۔ **Write Qafiyas from the ghazal.**

۳۔ اپنی پسند کا شعر منتخب کیجیے اور اس کی وضاحت اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔
**Write a couplet of your choice and justify your choice in Urdu or English.**

۴۔ غزل کے مقطع کی تشریح اُردو یا انگریزی میں کیجیے۔
**Explain the closing couplet (Maqta) of this ghazal in Urdu or English.**

۵۔ غزل سے صنعتِ تلمیح کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔
**Find the couplet from the ghazal having صنعتِ تلمیح .**

۶۔ غزل سے صنعتِ مبالغہ کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔
**Find the couplet from the ghazal having 'hyperbole' (صنعتِ مبالغہ).**

۷۔ مناسب متبادل کی مدد سے مصرعے مکمل کیجیے۔ **Complete the verses with correct alternative.**

۱۔ ای چهرهٔ زیبای تو رشكِ بتانِ ................ (سامری ، آزری)

۲۔ شمسی ندانم یا ................ حوری ندانم یا پری (قمر ، مهر)

۳۔ آفاقها گردیده ام ................ بتان ورزیده ام (قهر ، مهر)

۴۔ باشد که از بهرِ خدا ، سوی .............. بِنگری (غریبان ، رقیبان)